PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر:-PEF/CIR/ROR/03-2025/15721 تاریخ:03-مارچ-2025

محترم درخواست گزاران،

عنوان: انتخاب برائے IRCS Relocation Phase-1

اسلام وعلیکم!

IRCS Relocation Phase-1 کے جن درخواست گزاران کی درخواستوں کی جانچ کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ ان میں سے منتخب اور غیر منتخب شدہ درخواست گزاران کی فہرست پیف ویب سائیٹ پر آویزاں کر دی گئی ہے۔

۲۔ **خصوصی ہدایات:** ایسے تمام درخواست گزاران جنھوں نے Non-Functional کیٹیگری میں اپلائی کیا تھا اور ان کی درخواست پارٹنرشپ کے لئے Recommend/منظور ہو چکی ہے۔ وہ تمام درخواست گزاران 30 دن کے اندر نئے سکول کو مجوزہ عمارت (جس کا معائنہ پیف مانیٹرنگ افسران نے کیا) میں فعال کر کے پیف ریجنل آفس، راولپنڈی کو تحریری طور پر مورخہ 04-04-2025 تک آگاہ کریں۔

۳۔ ایسے تمام درخواست گزاران جن کی درخواست کا سٹیٹس Provisionally Recommended ہے۔ وہ اشتہار کے مطابق پرائمری لیول کے لئے کم سے کم 7 کمرے، مڈل لیول کے لئے 10 کمرے اور سیکنڈری لیول کے لئے 12 کمرے مجوزہ عمارت (جس کا معائنہ پیف مانیٹرنگ افسران نے کیا) میں مہیا کرنے کے پابند ہیں۔ اس ضمن میں ایسے تمام درخواست گزاران اپنا رضامندی سرٹیفکیٹ (Consent certificate) (E-stamp paper, Rs.300/-) پنجاب ایجوکیشن فاونڈیشن کے ریجنل آفس، راولپنڈی میں 30 دن کے اندر ارسال کریں۔ بصورت دیگر، ان کی درخواست رد/نامنظور (Not recommended) تصور ہوگی.

۴۔ ایسے تمام درخواست گزاران جن کا فیصلہ زیر التوا (decision pending) ہے ان کی درخواستوں پر حتمی فیصلہ جلد ہی پیف کی ویب سائٹ پر جاری کر دیا جائے گا۔

۵۔ IRCS Relocation Phase-1 کے اشتہار کے مطابق، مسترد شدہ درخواست گزاران کی فہرستوں کے شائع ہونے کے 30 دن کے اندر اپیل کا حق دیا گیا ہے۔ لہذا ایسے تمام درخواست گزاران جو سمجھتے ہیں کہ ان کا سکول اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے تو وہ اپنی اپیل دیئے گئے فارمیٹ بمعہ مطلوبہ کاغذات و شواہد بنام پیف ریویو کمیٹی (PEF Review Committee) میں 30 دن کے اندر جمع کروا سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ اپیل کے ساتھ مبلغ دس ہزار روپے (RS.10,000/-) ناقابل واپسی برائے اپیل پروسیسنگ فیس کی اصل رسید جمع کروانا لازم ہے۔ اپیل کے لئے فیس پیف کی ویب سائٹ www.pef.edu.pk پر موجود آن لائن چالان فارم کے ذریعے بنک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائی جا سکتی ہے۔

نوٹ: یاد رہے کہ 04، اپریل 2025 (بروز-جمعہ) کے بعد اپیل پروسیسنگ فیس کے بغیر موصول ہونے والی کسی بھی اپیل کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ مزید برآں اپیل کا فیصلہ حقائق و شواہد، پیف قوانین اور Advertised School Selection Criteria کی روشنی میں کیا جائے گا اور اس ضمن میں پیف جائزہ کمیٹی (PEF Review Committee) کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا .

خیر اندیش

ریجنل ڈائریکٹر، راولپنڈی

Head Office:
52-L, Gulberg-III,
Lahore Ph: 042-99268114-7

Regional Office Rawalpindi
H # 2, Main Gulzar-E- Quaid, old airport Road,
Rawalpindi
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
25/G, Shah Rukne Alam Colony,
Multan Ph: 061-6780043